SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
December 19, 2016

نومبر میں ایس ای سی پی کے ساتھ چھ سو اکیس کمپنیاں رجسٹر ہوئیں

اسلام آباد 19 دسمبر: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نومبر کے مہینے میں چھ سو اکیس کمپنیاں رجسٹر کیں۔ رجسٹریشن کی یہ شرح گزشتہ سال کے اسی مہینے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں سے 23 فی صد زیادہ ہے۔ رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 85 فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ 11 فی صد سنگل ممبر جبکہ باقی 4 فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن' اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 111 ہے' تجارتی شعبے میں 78 ' تعمیرات میں 58 'انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 50 ' سیاحت میں 43 ' انجینئرنگ میں 24 ' تعلیم' ایندھن اور توانائی' دواسازی' کے ہر ایک شعبے میں 17 ' کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں 16 ' رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ میں 15 ' مواصلات' اور کھانے پینے و مشروبات میں 14,14 ٹیکسٹائل میں 13 ' براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں 12 ' اور 122 کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے علاوہ 3 بین الاقوامی کمپنیاں کراچی اور لاہور میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں 37 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان' کینیڈا' چین' جرمنی' لبنان' روس' نیوزی لینڈ' سری لنکا' سوڈان' سویڈن' سنگاپور' تائیوان' ترکی' متحدہ عرب امارات اور برطانیہ سے ہے۔ یہ سرمایہ کاری آٹو اور اس سے متعلقہ شعبوں' تاروں اور برقی اشیاء' مواصلات' تعمیرات' کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ' انجینئرنگ' ' ایندھن اور توانائی' انفرمیشن ٹیکنالوجی' خدمات' معدنیات' ٹیکسٹائل' تجارت' ٹرانسپورٹ اور دوسرے مختلف شعبے میں ہوئی۔

نومبر میں سب سے زیادہ رجسٹریشن' لاہور کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں 203 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ 202 اسلام آباد' 120 کراچی' پشاور میں 32 ' ملتان میں 33 ' فیصل آباد میں 23 ' کوئٹہ میں 7 اور سکھر میں 1 کمپنی رجسٹر ہوئی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254